PO Box 5205
Binghamton, NY 13902-5205

کسٹمر سروس ٹول فری لائن: 877-632-4996
کُل ریاستی فیکس لائن: 877-533-0337
www.wcb.ny.gov

NEW YORK STATE | Workers' Compensation Board

**کسی ایک پر چیک کریں:**
- ☐ ورکرز کمپنسیشن
- ☐ فائر فائٹرز رضاکار
- ☐ ایمبولینس کے رضاکارانہ اہلکار

W.C.B. کیس نمبر ____________________

کیریئر کیس نمبر ____________________

طلبگار کا SOC سیکشن نمبر ____________________

**معاوضے کے لیے دعویٰ اور فریقِ ثالث کی کارروائی کے آغاز کا نوٹس** (یہ نوٹس صدر، ورکرز کمپنسیشن بورڈ، آجر اور آجر کے انشورنس کیریئر کو کارروائی کا آغاز ہو جانے کے بعد 30 دنوں کے اندر پیش کیا جانا چاہیئے۔)

1. زخمی یا متوفی کا نام ____________________

2. پتہ ____________________
(اسٹریٹ اور نمبر) (شہر یا ٹاؤن) (ریاست) (زپ کوڈ)

3. *آجر کا نام ____________________
* فائر فائٹرز رضاکار اور ایمبولینس کے رضارکارانہ اہلکار کے فوائد کے کیسز میں، ذمہ دار سیاسی ذیلی تقسیم (یا غیر وابستہ ایمبولینس سروس جیسا کہ سیکشن 30، VFBL یا سیکشن 30 VAWBL میں بیان کیا گیا ہے) کو "آجر" سمجھا جاتا ہے۔

4. پتہ ____________________
(اسٹریٹ اور نمبر) (شہر یا ٹاؤن) (ریاست) (زپ کوڈ)

5. آجر کی انشورنس کیریئر ____________________

6. پتہ ____________________
(اسٹریٹ اور نمبر) (شہر یا ٹاؤن) (ریاست) (زپ کوڈ)

7. حادثے کی تاریخ ____________________ 8. حادثے کی جگہ ____________________

9. حادثے کی وجہ ____________________

____________________

____________________

10. حادثے کی نوعیت ____________________

____________________

11. علاج معالجے میں شامل ڈاکٹر یا ہسپتال کا نام ____________________ 12. پتہ ____________________

13. کارروائی کا آغاز ہوا، ____________________ کاؤنٹی، ریاست ____________________
(مہینہ، دن اور سال)

____________________ ی عدالت میں ____________________ ، خلاف ____________________
(فریق ثالث کا نام)

14. میرے اٹارنی کا نام ____________________ ٹیلی فون نمبر ____________________

15. پتہ ____________________

میں (ہم) زیر دستخط، بذریعہ ہذا نوٹس دیتے ہیں کہ کسی فریق ثالث یا فریقین کے خلاف کارروائی شروع کر دی گئی ہے اور اس طرح ورکرز کمپنسیشن قانون کے تحت اپنے (ہمارے) ذمے واجب الادا تمام فوائد کے لئے دعویٰ کرتے ہیں۔ یہ نوٹس حسب ترمیم ورکرز کمپنسیشن قانون (سیکشن 20، VFBL اور سیکشن 20، VAWBL) کے سیکشن 29 کی دفعات کے مطابق دیا گیا ہے۔

کوئی بھی فرد جو عمداً یا دھوکہ دہی کی نیت سے ایسی معلومات پیش کرتا، پیش کرنے کا باعث بنتا، یا اس علم یا یقین کے انہیں ساتھ تیار کرتا ہے کہ یہ کسی بیمہ کار کو یا اس کی جانب سے، یا ذاتی بیمہ کار کو پیش کی جائیں گی، کہ جس میں کوئی غلط اہم بیان موجود ہوں یا جو کسی اہم حقیقت کی پردہ پوشی کرے، تو اس فرد کو جرم کا مرتکب ٹھہرایا جائے گا اور نمایاں جرمانوں اور قید کی سزا سنائی جائے گی۔

مورخہ ____________________ طلبگار کے دستخط ____________________ ٹیلی فون نمبر ____________________

**اگر وظائف بوجہ انتقال (DEATH BENEFITS) کے لیے دعویٰ کیا جا رہا ہے تو زیر کفالت افراد اس فارم کے سامنے والا یہ حصہ اور اس کے پچھلا حصہ لازمی مکمل کریں۔ معلومات بنام طلبگار کے لیے پچھلا حصہ ملاحظہ کریں۔**

**موت کے کیسز میں درج ذیل مکمل کریں**

1. تاریخِ وفات_______________ 2. موت کی وجہ________________________________________

____________________________________________________________________________

3. موت سے پیشتر جس ڈاکٹر یا ہسپتال سے علاج کروایا، اس کا نام _______________4. پتہ______________________________

(تمام زیر کفالت افراد جو فریق ثالث کا دعویٰ کرنا چاہتے ہیں، ذیل میں دستخط کریں):

| | | | |
|---|---|---|---|
| (نام) | (پتہ) | (تاریخِ پیدائش) | (متوفی سے رشتہ) |
| (نام) | (پتہ) | (تاریخِ پیدائش) | (متوفی سے رشتہ) |
| (نام) | (پتہ) | (تاریخِ پیدائش) | (متوفی سے رشتہ) |
| (نام) | (پتہ) | (تاریخِ پیدائش) | (متوفی سے رشتہ) |

**معلومات بنام طلبگار**

اگر کوئی ملازم، ملازمت کے دوران، کسی ساتھی کارکن (یا آجر کے انشورنس کیریئر یا ملازمین کی یونین کا اہلکار) کے علاوہ کسی بھی فرد کی غفلت یا غلطی کی وجہ سے زخمی یا فوت ہو جائے، تو وہ یا اس کی/کے قانونی زیر کفالت افراد کارکنان کے معاوضے کے فوائد قبول کر سکتے نیز دوسرے فرد کے خلاف کہ جو زخمی ہونے یا موت کا سبب بنے، مقدمہ بھی کر سکتے ہیں۔ ایسے دوسرے فرد کو فریق ثالث کہا جاتا ہے اور اس کے خلاف عدالتی چارہ جوئی یا دیگر کارروائیوں کو فریق ثالث کی کارروائی کہا جاتا ہے۔

یہ فریق ثالث کی کارروائی معاوضے کے ادائیگی کے بعد چھ ماہ کے اندر شروع کی جانی چاہیئے لیکن حادثہ پیش آنے کے بعد ایک سال کی مدت گزر جانے کے بعد نہیں (استثنا کے لیے ذیل میں "تفویض" ملاحظہ کریں)۔ آجر (یا اس کا انشورنس کیریئر) طلبگار کے فریق ثالث سے جمع کردہ خالص وصولی کی رقم پر، معاوضے کی ادائیگی اور طبی اخراجات کی حد تک، استحقاق رکھتا ہے۔

فریق ثالث کی کارروائی شروع ہونے کے تیس دن کے اندر، آپ کی طرف سے مکمل کردہ اور دستخط شدہ، اس فارم کی ایک کاپی، درج ذیل میں سے ہر ایک کو دینی ضروری ہے:

1. ورکرز کمپنسیشن بورڈ کے صدر کو۔
2. آجر کو۔
3. آجر کے انشورنس کیریئر کو، اگر کوئی ہے۔

**تفویض**

اگر طلبگار مقدمہ نہیں کرتا اور آجر یا انشورنس کیریئر ایک سالہ مدت ختم ہونے سے 30 دن پہلے، ذاتی طور پر، یا رجسٹر ڈاک کے ذریعے، طلبگار کو تحریری نوٹس بھیجتا ہے، تو طلبگار کا فریق ثالث کی کارروائی کا حق آجر کو تفویض ہو جائے گا، ماسوائے کہ، سال کے آخر تک طلبگار فریق ثالث کی کارروائی شروع کرے۔

جب آجر تحریری نوٹس پیش کرنے میں ناکام رہتا ہے، تو طلبگار کے دعویٰ کرنے کے ایک سالہ مدتی وقت میں مزید اضافہ کر دیا جاتا ہے اور آجر یا انشورنس کیریئر کے تحریری نوٹس کی ترسیل کے بعد 30 دن کی مقررہ مدت کے اختتام تک، طلبگار کو مطلع کرتا ہے کہ تفویض کا عمل چلے گا، ماسوائے کہ طلبگار کی جانب سے نوٹس ملنے کے 30 دن کی مدت کے اندر فریق ثالث کارروائی کا آغاز کر دیا جائے۔

اگر آجر یا انشورنس کیریئر، جیسا کہ تفویض کنندہ، فریق ثالث کی جانب سے، فیصلے کے ذریعے یا بصورت دیگر، اس مالیت سے زیادہ مجموعی رقم وصول کرتا ہے:

1. معاوضے کا ایوارڈ، اور
2. طبی علاج کے اخراجات جو کیریئر کی جانب سے ادا کیے جاتے ہیں، اور
3. وصولی کے حصول کے ضروری اور معقول اخراجات؛ پھر زائد کا دو تہائی حصہ طلبگار (یا زیر کفالت افراد کو) کو فوری طور پر ادا کیا جائے گا۔

طلبگار جس نے قانون کی تعمیل کی ہے اسے فریق ثالث کے خلاف استغاثہ کے عمل کے باوجود بھی ورکرز کمپنسیشن کے مکمل فوائد کے حصول کی یقین دہانی کروائی جاتی ہے۔ اگر طلبگار کی جانب سے وصول کی گئی رقم اور اصل میں جمع کردہ رقم اس رقم سے کم ہے جو طلبگار (یا زیر کفالت افراد) نے معاوضے کے ایوارڈ میں وصول کی ہوتی، تو آجر یا انشورنس کیریئر طلبگار (یا زیر کفالت افراد) کی اصل جمع کردہ رقم اور ورکرز کمپنسیشن کی رقم کے درمیان کمی (فرق) کو پورا کرے گا جس کا/کی وہ حقدار ہے۔

**انتباہ - طلبگار (یا زیر کفالت افراد) کی طرف سے فریق ثالث کی کارروائی کا تصفیہ۔**

معاوضے میں کمی کا حق محفوظ رکھنے کے لیے، طلبگار (یا زیر کفالت افراد) فریق ثالث شاید کارروائی کے حق کا تصفیہ تب تک نہ کریں جب تک کہ:

1. اسے پہلے آجر یا انشورنس کیریئر کی طرف سے تحریری منظوری نہ مل جائے، یا
2. دعویٰ اس عدالت کے جج کے ذریعے دیئے گئے سمجھوتے کے حکم کے مطابق طے کیا گیا ہے جس میں فریق ثالث کی کارروائی زیر التوا ہے۔

(ماخذ: ورکرز کمپنسیشن قانون، سیکشن 29، حسبِ ترمیم، 1 ستمبر 1967 سے مؤثر اور سیکشن 20، VFBL اور سیکشن 20، VAWBL)۔

**نیو یارک کا قانون برائے ذاتی رازداری کا تحفظ (سرکاری افسران کا قانون آرٹیکل 6-A) اور وفاقی رازداری ایکٹ برائے 1974 (5 U.S.C. سیکشن 552a) کے مطابق نوٹیفکیشن۔**

ورکرز، کمپنسیشن بورڈ، («بورڈ») کا طلبگاروں سے ذاتی معلومات کی درخواست کرنے کا اختیار، ورکرز، کمپنسیشن قانون کے سیکشنز 20 اور 142 سے ماخوذ ہے۔ یہ معلومات بورڈ کو دعووں پر مؤثر طریقے سے کارروائی کرنے میں مدد کرنے اور دعوے کے درست ریکارڈز کو برقرار رکھنے میں مدد دینے کے لئے اکٹھی کی جاتی ہیں۔

بورڈ ان تمام ذاتی معلومات کی رازداری کے تحفظ کا سختی سے پابند ہے جو وہ اکٹھا کرتا ہے۔ اس طرح کی معلومات ایجنسی کے اندر صرف بورڈ کے عملے اور ایجنٹوں کو ان کے سرکاری فرائض کی پیش رفت میں ظاہر کی جائیں گی۔ ذاتی معلومات ایجنسی کے باہر صرف قابلِ اطلاق ریاستی اور وفاقی قانون کے مطابق ظاہر کی جائیں گی۔

بنیادی طور پر طلبگار کی ذاتی معلومات پر مشتمل ایجنسی کے ریکارڈز کی حفاظت کا ذمہ دار ہے۔ (877-632-4996) State Street, Schenectady, NY 12305 بورڈ ، ڈائریکٹر آف آپریشنز، جو 328 پر واقع ہے،

اس فارم میں درخواست کردہ معلومات کی فراہمی میں ناکامی آپ کے دعوے کو مسترد کرنے کا باعث تو نہیں بنے گی، تاہم آپ کے دعوے کی کارروائی میں تاخیر کروا سکتی ہے۔ آپ کا سوشل سکیورٹی نمبر کا رضاکارانہ اجراء بورڈ کو یہ یقینی بنانے کے قابل بناتا ہے کہ معلومات اس سے وابستہ ہیں، اور آپ کے دعوے پر، فوری کارروائی کی جا رہی ہے۔

HIPAA نوٹس - کارکنوں کے معاوضے کے دعوے کا فیصلہ کرنے کے لئے WCL13-a(4)(a) اور 12 NYCRR 325-1.3 نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندگان سے باقاعدگی سے بورڈ اور کیریئر یا آجر کے پاس علاج کی طبی رپورٹس کا اندراج کروانے کے متقاضی ہیں۔ 45 CFR 164.512 کے مطابق یہ قانونی طور پر درکار طبی رپورٹس صحت کی معلومات کے انکشاف پر HIPAA کی پابندیوں سے مستثنیٰ ہیں۔

| | |
|---|---|
| اگر آپ کو اپنے دعوے کے بارے میں سوالات درپیش ہیں یا آپ کو اس کے بارے میں مشورہ درکار ہے، تو آپ ورکرز کمپنسیشن بورڈ کے قریبی دفتر کو کال یا وزٹ کر سکتے ہیں۔ | اگر آپ کو اپنے دعوے کے بارے میں سوالات درپیش ہیں یا آپ کو اس کے بارے میں مشورہ درکار ہے، تو آپ ورکرز کمپنسیشن بورڈ کے قریبی دفتر کو کال یا وزٹ کر سکتے ہیں۔ |